# PRESS RELEASE

For immediate release
January 9, 2019

**عوام فائن سرمایہ کاری کمپنی کے نام سے قائم جعلی کمپنی سے ہوشیار رہیں: ایس ای سی پی**

اسلام آباد (**9 جنوری**) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے عوام الناس کو انتباہ کیا ہے کہ فائن سرمایہ کاری کمپنی کے نام سے قائم جعلی کمپنی جو کہ اخبارات اور سوشل میڈیا کے ذریعے عوام کو اس کمپنی میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کر رہی ہے، سے ہوشیار رہیں۔ واضح رہے کہ یہ کمپنی ایس ای سی پی کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہے اور غیر قانونی اور مشکوک سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ عوام کے بہترین مفاد میں انہیں آگاہ کیا جاتا ہے کہ اپنے قیمتی سرمائے کو اس جعلی کمپنی میں لگا کر ضائع نہ کریں۔

یہ جعلی کمپنی سوشل میڈیا پر اشتہارات کے ذریعے عوام کو مختلف ملٹی لیول مارکیٹنگ اور غیر حقیقی منافع کے وعدوں اور دھوکہ دہی پر مبنی سکیموں میں سرمایہ کاری کے لئے ترغیب دے رہی ہے اور عوام سے رقم بٹورنے کی کوشش کر رہی ہے۔ یہ ایس ای سی پی کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہے۔ واضح رہے کی کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ملٹی لیول مارکیٹنگ، منافع کے حصول کی پانزی یا پیرامڈ سکیموں کی اجازت نہیں ہے او اس طرح کا کوئی بھی کاروبار ممنوع اور خلاف قانون ہے۔